© rasailojaraid.com



● نام کتاب: کعبہ مرے آگے مؤلف: مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت: ۴۱۶ صفحات

ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد ضلع نوشہرہ

اردو ادب میں سفرناموں کو ایک مخصوص صنف کا درجہ حاصل ہے کیونکہ سفرنامہ علمی و ادبی اعتبار سے بڑی اہمیت رکھتا ہے اور یہ وہ صنف ادب ہے جس کا تقریباً تمام معاشرتی علوم سے گہرا تعلق ہوتا ہے۔ سفرناموں کی طرز نوشت بھی دوسری تحریروں سے مختلف ہوتی ہے، کچھ سفرنامے تاثراتی تو کچھ معلوماتی ہوتے ہیں۔ جزیرۃ العرب کے سفرنامے زیادہ تر حج وعمرہ کے حوالے سے منظرِ عام پر آتے ہیں ان میں بعض کیفیاتی طرز کے ہوتے ہیں اور بعض میں علمی و ادبی رنگ جبکہ کچھ میں عشقِ رسول و محبت رسول کا پہلو نمایا ہوتا ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب ''کعبہ مرے آگے'' حرمین شریفین کے مختلف اسفار پر لکھی گئی ایمانی حلاوت اور عشق رسول کی حرارتوں سے معمور طرزِ تحریر کا نادر مجموعہ ہے۔ مرزا غالب کی غزل کا مصرعہ ''کعبہ میرے پیچھے ہے کلیسا میرے آگے'' کو مدنظر رکھتے ہوئے انوارِ حرم پر مشتمل سفرنامہ کا نام ''کعبہ مرے آگے'' تجویز فرمایا۔ آغاز کتاب میں منظوم تاثرات نے بھی کتاب کو چار چاند لگا دیے ہیں۔

● نام کتاب: دُررِ فرائد ترجمہ وتشریح جمع الفوائد مترجم: حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی رحمہ اللہ ضخامت: ۲۸۸ صفحات

زیرِ اہتمام ونگرانی: شیخ الحدیث مولانا عبدالقیوم حقانی ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ

قرآن حکیم کے بعد شریعت اسلامیہ کا بڑا ماخذ احادیث رسول ہیں، صحابہ وتابعین اور آئمہ محدثین نے جیسے قرآن حکیم کو اپنے سینوں میں محفوظ کیا۔ اسی طرح احادیث نبویہ کو اپنے منور سینوں میں جگہ دی، تعلیم وتدریس اور تحریر و تالیف کے ذریعے اس قدر مامون ومحفوظ کیا کہ قیامت تک آنے والے مسلمانوں کے لیے احادیث رسول تک کی رسائی کو ممکن اور آسان بنادیا جو امت پر محدثین کا بہت بڑا احسان ہے۔ زیرِ نظر کتاب ''دُررِ فوائد'' علامہ محمد بن سلیمان دوانی (المتوفی ۱۰۹۴ھ) کی تالیف ''جمع الفوائد'' جو چودہ کتب احادیث پر مشتمل ہے کی شرح اور سلیس ترجمہ ہے۔ ترجمہ وتشریح کی یہ سعادت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی کو حاصل ہوئی ہے جو برصغیر کے نامور علماء اور مشائخ میں بلند مقام رکھتے ہیں۔ دُررِ فوائد ان کی تاریخی، علمی یادگار اور عظیم صدقۂ جاریہ ہے۔ زیرِ نظر کتاب فتنوں کا بیان، قربِ قیامت کی علامات، امام مہدی کا ظہور، خروج دجال، نزولِ عیسیٰ، صورِ اسرافیل، جنت دوزخ کا منظر، حوض کوثر کا بیان اور دیدار الٰہی کا منظر جیسے موضوعات کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ دُررِ فوائد کے چھ اہم ابواب کا انتخاب اصل حدیث مع ترجمہ وتشریح کی سعادت القاسم اکیڈمی کو حاصل ہوئی ہے۔ یہ کتاب اپنی غایت درجہ علمی کی افادیت کے پیشِ نظر بہت اہمیت کی حامل ہے۔



© rasailojaraid.com